PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ڈراپ ان پچز کے لیے پی سی بی اور عارف حبیب گروپ میں معاہدہ ہوگیا

لاہور، 12 دسمبر 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ اور عارف حبیب گروپ نے ڈراپ ان پچز کے لیے معاہدے پر دستخط کردیے ہیں۔

دونوں فریقین نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی ڈرافٹنگ کے تقریب کے دوران اس معاہدے پر دستخط کیے۔

معاہدے کے تحت عارف حبیب گروپ ملک میں دو ڈراپ ان پچز کے لیے اسپانسر کرے گا۔ اس کے علاوہ پی سی بی کو عارف حبیب گروپ کی جانب سے نیا ناظم آباد کراچی میں بنائے گئے کرکٹ اسٹیڈیم کے استعمال کی بھی اجازت ہوگی۔

معاہدے کے تحت عارف حبیب گروپ ایک ڈراپ ان پچ نیا ناظم آباد میں موجود اپنے اسٹیڈیم میں جبکہ دوسری پی سی بی کی جانب سے بتائے جانے والے کسی مقام پر بچھوائے گا۔ ان ڈراپ ان پچز کی تنصیب کا عمل 2022 میں مکمل ہوجائے گا۔

جب یہ دونوں ڈراپ ان پچز تیار ہوجائیں گی تو پی سی بی نیا ناظم آباد اسٹیڈیم میں میچز منعقد کرواسکے گا۔ جن پر انڈر 19 اور ویمنز کرکٹ کے میچز سمیت پریکٹس سیشنز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کی فرنچائزز کے نمائشی میچز بھی منعقد کروائے جائیں گے۔

رمیز راجہ، چیئرمین پی سی بی:

چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ کا کہنا ہے کہ ڈراپ ان پچز کی تنصیب سے ہمارے کھلاڑیوں کو قومی اور بین الاقوامی دونوں سطح پر فائدہ ہو گا۔ کئی سالوں سے ہم آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ جیسی پچز پر گیند کے باؤنس اور اضافی رفتار سے نمٹنے میں مشکلات کا شکار ہوتے رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بے انتہا ٹیلنٹ کے باوجود ہم آج تک آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز نہیں جیت سکے جبکہ حالیہ چند سالوں میں ہمارا نیوزی لینڈ میں بھی ریکارڈ زیادہ اچھا نہیں رہا۔ وہ اس سلسلے میں پاکستان کرکٹ کی معاونت کرنے پر عارف حبیب کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

رمیز راجہ نے کہا کہ عارف حبیب گروپ کرکٹ میں گہری دلچسپی لیتا ہے جو کراچی میں ان کی جانب سے بنائی گئی ایک معیاری کرکٹ سہولت سے ظاہر بھی ہوتا ہے۔ انہیں یقین ہے کہ دونوں فریقین مستقبل میں بھی اس معاہدے سے مستفید ہوتے رہیں گے۔

عارف حبیب، چیئرمین عارف حبیب گروپ:

عارف حبیب کا کہنا ہے کہ ان کا گروپ ڈراپ ان پچز کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ کے ساتھ معاہدے پر بہت خوش ہے۔ وہ پرامید ہیں کہ اس معاہدے سے پاکستان کے موجودہ اور مستقبل کے ستاروں کو بہت فائدہ ہو گا۔

انہوں نے کہا کہ عارف حبیب گروپ پی سی بی کی ویژن کے ساتھ مکمل ہم آہنگی رکھتا ہے۔ چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ نے کراچی میں ملاقات کے دوران جو وژن پیش کیا تھا وہ اس سے بہت متاثر ہوئے تھے، یقین ہے کہ ان کا یہ ویژن ملک میں کرکٹ کی معیشت کے لیے ایک نیا آغاز ثابت ہو گا۔

عارف حبیب نے کہا کہ پوری قوم کرکٹ سے پیار کرتی ہے اور ان کا گروپ اس کھیل کے فروغ کے لیے پہلے ہی بہت سے اقدامات اٹھا چکا ہے۔ نیا ناظم آباد کرکٹ اسٹیڈیم اس کا منہ بولتا ثبوت ہے اور اب پی سی بی کے ساتھ اس تعاون کے بعد، وہ اپنی

کوششیں مزید تیز کردیں گے۔ انہیں اسٹیڈیم میں پچز، آؤٹ فیلڈ، انفراسٹرکچر اور تماشائیوں کے لحاظ سے بہترین سہولیات تیار کرنی ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager – Media and Communications
Media and Communications